# فہرست ادباء و شعراء برائے اردو لازمی برائے جماعت دہم

1- حصہ نثر
- i. شاہد احمد دہلوی
- ii. اشرف صبوحی
- iii. ڈاکٹر وحید قریشی

2- افسانوی ادب
- i. سجاد حیدر یلدرم (افسانہ)
- ii. ہاجرہ مسرور (افسانہ)
- iii. کوئی اک لوک کہانی (اخلاقی موضوع پر)

3- سوانح/خاکہ/آپ بیتی
- i. قدرت اللہ شہاب (شہاب نامہ سے اقتباس)
- ii. مولوی عبد الحق (نام دیو مالی)

4- سفر نامہ
- i. حکیم محمد سعید

5- مکاتیب
- i. غالب
- ii. رشید احمد صدیقی

6- شعرا

حصہ نظم:
- i. علامہ اقبال (اتحاد اسلام)
- ii. احسان دانش (حب وطن)
- iii. حفیظ جالندھری (اسلام اور مشاہیر)
- iv. میر انیس (مناظر فطرت)
- v. جوش (محنت اور تکریم محنت)
- vi. جمیل الدین عالی (قومی نغمہ)
- vii. دلاور فگار (مزاحیہ نظم)
- viii. محمود سرحدی (مزاحیہ نظم)

حصہ غزل:
- i. حسرت موہانی
- ii. جگر مراد آبادی
- iii. فراق گورکھپوری
- iv. ادا جعفری

## ہدایات برائے جماعت دہم

### حصہ اول معروضی کل نمبر 15

سوال نمبر 1: زبان شناسی تنقید اور استحسان وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب 2006ء برائے جماعت دہم میں شامل ہیں، کے مطابق 15 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔

### حصہ دوم کل نمبر 30

سوال نمبر 2: جزو الف حصہ نثر 7x2=14

نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 100 سے 150 الفاظ کو محیط ہوگی جو کہ جماعت دہم کی ذہنی سطح کے مطابق ہونی چاہیے۔ اس عبارت سے جماعت دہم کے حاصلات تعلم کی روشنی میں 9 سوالات بنائے جائیں گے۔ یہ عبارت قومی نصاب 2006ء برائے جماعت دہم میں شامل مصنفین کی تحریروں سے دی جائے گی تاہم یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات، جملہ یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

جزو ب حصہ شعر 5x2=10

اس حصہ میں دیے گئے غزلیہ اشعار یا نظمیہ بند قومی نصاب 2006ء برائے جماعت دہم میں شامل شعرا کی شاعری سے لیا جائے گا۔ تاکہ حاصلات تعلم کی روشنی میں 6 سوالات بنائے جاسکیں۔ غزلیہ اشعار یا نظم پارے کے انتخاب میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔

جزو ج حصہ قواعد 3x2=06

اس حصے میں قومی نصاب 2006ء برائے جماعت دہم میں شامل زبان شناسی، استحسان اور تنقید کی مہارت اور ذیلی مہارتوں کے حاصلات تعلم کا احاطہ کرنے والے کوئی سے بھی 4 سوالات دیے جائیں گے۔

### حصہ سوم کل نمبر 30

سوال نمبر 3: اس سوال میں مناسب طوالت کی ایسی دو عبارات یا اقتباسات دیے جائیں گے جن میں کم از کم پانچ چھے وضاحت طلب نکات ہوں۔ جماعت دہم کی ذہنی سطح کی یہ عبارات یا اقتباسات قومی نصاب 2006ء برائے جماعت دہم میں شامل مصنفین کی تحریروں سے ہوں گے جن کے لیے یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات، جملہ یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ 05 نمبر

سوال نمبر 4: اس سوال میں قومی نصاب 2006ء برائے جماعت دہم میں شامل شعرا کی نظمیہ شاعری سے جماعت دہم کی ذہنی سطح کے زیادہ سے زیادہ تین تین اشعار پر مشتمل دو نظم پارے دیے جائیں گے۔ ان نظم پاروں میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات، یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ 05 نمبر

سوال نمبر 5: اس سوال میں قومی نصاب 2006ء برائے جماعت دہم میں شامل شعرا کی غزلیہ شاعری سے جماعت دہم کی ذہنی سطح کے دو دو اشعار پر مشتمل دو اجزا دیے جائیں گے۔ ان نظم پاروں میں یہ بات لازماً ملحوظ خاطر رکھی جائے کہ اس میں کوئی بات، یا لفظ ایسا نہ ہو جس سے کسی قسم کی اخلاقی، معاشرتی، مسلکی یا مذہبی منافرت پھیلنے یا کسی قسم کی دل آزاری ہونے کا اندیشہ ہو۔ 05 نمبر

سوال نمبر 6: اس سوال میں جماعت دہم کے حاصلات تعلم کے مطابق درخواست یا عمومی موضوع پر کہانی وغیرہ بھی دی جاسکتی ہے۔ 05 نمبر

سوال نمبر 7: اس سوال میں پانچ پانچ اشارات پر مشتمل دو موضوعات دیے جائیں گے جن میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھنا ہوگا۔ 10 نمبر

**نوٹ: پرچے میں سوالات کے Cognitive domain کی شرح تقریباً یوں ہوگی۔ سمجھنا 50%، یاد میں لانا 30% اور لاگو کرنا 20%۔ ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جاسکتے ہیں۔**

| Version No. | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 |

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

**Answer Sheet No.**____________

**Sign. of Candidate** ___________

**Sign. of Invigilator** ___________

# اردو(لازمی)برائے جماعت دہم

ماڈل سوالیہ پرچہ(کریکلم 2006ء)

حصہ اوّل(کل نمبر:15،وقت:20منٹ)

حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔**لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔**

**سوال نمبر1:** ہر جزو کے سامنے دیے گئے درست دائرہ کو پر کریں۔

(1) ایسی نظم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں،اُسے کیا کہتے ہیں؟

(A) مسدس ○ (B) مخمس ○

(C) رباعی ○ (D) ثلاثی ○

(2) ایسی نظم کو کیا کہتے ہیں جس میں واقعہ کربلا کو موضوعِ سخن بنایا گیا ہو؟

(A) قصیدہ ○ (B) مرثیہ ○

(C) قطعہ ○ (D) مثنوی ○

(3) کس صنفِ سخن کا ہر شعر،الگ موضوع کا حامل ہوتا ہے؟

(A) پابند نظم ○ (B) آزاد نظم ○

(C) غزل ○ (D) شہر آشوب ○

(4) "برف کی طرح ٹھنڈا پانی" قواعد کی رُو سے یہ کس کی مثال ہے؟

(A) مجاز مرسل ○ (B) کنایہ ○

(C) استعارہ ○ (D) تشبیہ ○

(5) "کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے" یہ مصرع قواعد کی رُو سے کس کی مثال ہے؟

(A) محاورہ ○ (B) روزمرہ ○

(C) استعارہ ○ (D) کنایہ ○

(6) جملہ اسمیہ کے کتنے اجزا ہوتے ہیں؟

(A) چار ○ (B) تین ○

(C) دو ○ (D) ایک ○

(7) "علی بہادر ہے۔" اس جملہ اسمیہ میں قواعد کی رو سے "علی" کو کیا کہیں گے؟

(A) مبتدا ○ (B) خبر ○

(C) فعل ناقص ○ (D) مسند ○

(8) "حمید نے خط لکھا" اس جملہ فعلیہ میں "لکھا" کو قواعد کی رو سے کیا کہیں گے؟

(A) فاعل ○ (B) مفعول ○

(C) فعل ○ (D) متعلق فعل ○

(9) مخمس نظم کے ہر بند میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(A) تین ○ (B) چار ○

(C) پانچ ○ (D) چھ ○

(10) مندرجہ ذیل میں جملہ معترضہ کی نشاندہی کریں۔

(A) علامہ اقبال (شاعر مشرق) کا مزار لاہور میں ہے۔ ○

(B) علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں۔ ○

(C) علامہ اقبال نے پاکستان کا تصور پیش کیا۔ ○

(D) علامہ اقبال کہاں دفن ہیں؟ ○

(11) "ہارڈ ویئر؛ کمپیوٹر کا دماغ اور سافٹ ویئر؛ اس کا ذہن سمجھا جاتا ہے۔" قواعد کی رو سے یہ جملہ کس اندازِ بیان کی مثال ہے؟

(A) دفتری ○ (B) تکنیکی ○

(C) قانونی ○ (D) ادبی ○

(12) "ابنِ مریم ہُوا کرے کوئی       میرے دکھ کی دوا کرے کوئی" اس شعر میں قواعد کی رو سے "ہُوا، دوا" کو کیا کہیں گے؟

(A) قافیہ ○ (B) ردیف ○

(C) محاورہ ○ (D) تشبیہ ○

(13) اشعار میں قافیہ کے بعد دہرائے جانے والے الفاظ کو قواعد کی رُو سے کیا کہتے ہیں؟

(A) قافیہ ○ (B) ردیف ○

(C) ہم معنی الفاظ ○ (D) ذو معنی الفاظ ○

(14) غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے، قواعد کی رُو سے اُسے کیا کہیں گے؟

(A) مطلع ○ (B) حُسن مطلع ○

(C) مطلع ثانی ○ (D) مقطع ○

(15) مشترک خوبی یا خامی کی بنیاد پر ایک شے کو دوسری شے جیسا کہنا، قواعد کی رو سے کیا کہلاتا ہے؟

(A) کنایہ ○ (B) مجاز مرسل ○

(C) تشبیہ ○ (D) استعارا ○

## فیڈرل بورڈ امتحان برائے جماعت دہم

## اردو(لازمی)ماڈل سوالیہ پرچہ (کریکلم 2006)

وقت: 2:40 گھنٹے  کل نمبر: 60

**نوٹ:** حصہ دوم اور سوم میں دیے گئے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کل نمبر 30)

**سوال نمبر2: (الف) حصہ نثر:**

**عبارت کو غور سے پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات میں سے سات کے جوابات اپنے الفاظ میں لکھیں:** (7 x 2 = 14)

ایک دن میں دلی کے چاندنی چوک میں سے گزر رہا تھا کہ میری نظر ایک فقیر پر پڑی جو بڑے موثر طریقے سے اپنی حالتِ زار لوگوں سے بیان کر تا جا رہا تھا۔ ہر دو تین منٹ کے وقفے کے بعد یہ درد بھری تقریر انھی الفاظ میں دُہرا دی جاتی۔ یہ طرز مجھے ایسا خاص معلوم ہُوا کہ میں اس شخص کے دیکھنے اور اس کے الفاظ سننے کے لیے ٹھہر گیا۔ اس فقیر کا قد لمبا، جسم موٹا تازہ تھا اور چہرہ ایک حد تک خوب صورت ہو تا، مگر بد معاشی اور بے حیائی نے صورت مسخ کر دی تھی۔ اس کی درد بھری اسپیچ یا صدا، جو کچھ کہیے، یہ تھی: اے بھائی مسلمانو! خدا کے لیے مجھ بد نصیب کا حال سنو۔ میں آفت کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں۔ اپنی مصیبت ہر ایک سے کہتا ہوں۔ میں بھیک نہیں مانگتا۔ میری خواہش ہے کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں، مگر کوئی خدا کا پیارا مجھے گھر بھی نہیں پہنچاتا۔ بھائی مسلمانو! میں غریب الوطن ہوں۔ میرا کوئی دوست نہیں ہے۔ اے خدا کے بندو! میری سنو، میں غریب الوطن ہوں۔۔۔۔"

**سوالات:**

i. اس عبارت کا مرکزی خیال لکھیں۔
ii. فقیر کی اسپیچ کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔
iii. کتنے وقت کے بعد درد بھری تقریر دہرا دی جاتی؟
iv. مضمون نگار کے ٹھہرنے کا مقصد کیا تھا؟
v. فقیر کی صورت مسخ ہونے کی وجہ کیا تھی؟
vi. آفت کے مارے فقیر کی خواہش کیا تھی؟
vii. فقیر کا حلیہ کس قسم کا تھا؟
viii. فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟
ix. فقیر نے مسلمان بھائیوں سے کیا التجا کی؟

**(ب) حصہ شعر:**

**درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات میں پانچ کے جوابات لکھیں:** (5 x 2 = 10)

i. یہ فخر تو حاصل ہے بُرے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں
ii. محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم — کچھ کہہ نہ سکا جب یاں بھید کھلا تیرا
iii. فاطمہ! تو آبروئے امتِ مرحوم ہے — ذرہ ذرہ تیری مشتِ خاک کا معصوم ہے
iv. مہکی مہکی، روشن روشن، پیاری پیاری، تیاری — رنگ برنگے پھولوں سے اِک سجی ہوئی پھلواری
v. یہ سماں اور اک قوی انساں، یعنی کاشت کار — ارتقا کا پیشوا، تہذیب کا پروردگار

**سوالات:**

i. یہ فخر تو حاصل ہے بُرے ہیں کہ بھلے ہیں — دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں
اس شعر کا مرکزی خیال لکھیے۔

ii. شاعر نے اللہ تعالیٰ کی ذات کے حوالے سے محرم اور نامحرم میں کیا فرق بتایا ہے؟
iii. شاعر نے فاطمہ کو امتِ مرحوم کی آبرو کیوں کہا ہے؟
iv. شاعر نے پاکستان کو کس قسم کی ایک سجی ہوئی پھلواری قرار دیا ہے؟
v. شاعر نے کسان کو کس نام سے پکارا ہے؟
vi. ارتقا کا پیشوا سے کیا مراد ہے؟

**(ج) حصہ قواعد:**

**مندرجہ ذیل میں سے تین اجزا کے جوابات لکھیں۔** **(3 x 2 = 6)**

i. "آغاز کو کون پوچھتا ہے انجام اچھا ہو آدمی کا" اس شعر میں استعمال ہونے والی صنعت کی نشاندہی کریں۔
ii. نعت کیسی نظم کو کہتے ہیں؟
iii. "شجاع نے کتاب پڑھی۔" اس جملے کی ترکیب نحوی کیجیے۔
iv. مجاز مرسل کے استعمال کی دو صورتیں تحریر کریں۔

## حصہ سوم (کل نمبر 30)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں: (5)

الف۔ جب گاندھی جی اردو کی جان کے لاگو ہو گئے۔ اردو ہندوستانی کی آڑ میں ہندی کو ہندوستان کی قومی زبان بنانے پر تل گئے تو مولوی صاحب نے انجمن کا دفتر اورنگ آباد سے دِلی منتقل کرنے کا ارادہ کر لیا۔ مولوی صاحب دلی آئے اور دریا گنج میں ڈاکٹر انصاری کی کوٹھی کرایہ پر لی۔ اس وقت دریا گنج میں سب سے بڑی کوٹھی ڈاکٹر انصاری ہی کی تھی۔ یہ بڑی تاریخی کوٹھی تھی۔ جب تک ڈاکٹر انصاری زندہ رہے اس کوٹھی میں کانگریس کے تمام بڑے لیڈر جمع ہو کر مشورے کرتے رہے۔

ب۔ گرمی ہو یا سردی، دھوپ ہو یا سایہ، وہ دن رات برابر کام کرتا رہا۔ اسے کبھی یہ خیال نہ آیا کہ میں بہت کام کرتا ہوں یا میرا کام دوسروں سے بہتر ہے۔ اسی لیے اسے اپنے کام پر فخر یا غرور نہ تھا وہ یہ باتیں جانتا ہی نہ تھا۔ اسے کسی سے بیر تھا نہ جلاپا۔ وہ سب کو اچھی طرح سمجھتا تھا اور سب سے محبت کرتا تھا۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظمیہ جزو کی تشریح کیجیے: (5)

الف۔
جھیلوں سے چارپائے نہ اُٹھتے تھے تا بہ شام — مسکن میں مچھلیوں کے سمندر کا تھا مقام
آہو جو کاہلے تھے تو چیتے سیاہ فام — پتھر پگھل کے رہ گئے تھے مثل موم خام
سُرخی اُڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیاہ سے
پانی کنوؤں میں اُترا تھا، سائے کی چاہ سے

ب۔
قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندہء نافرمان ہے حمد سرا تیرا
گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہو گا حق کیسے ادا تیرا
آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری
گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام صبا تیرا

سوال نمبر 5: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک غزلیہ جزو کی تشریح کیجیے: (5)

الف۔
مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے — تیری آرزو رہنما ہو گئی ہے
یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر، صبا ہو گئی ہے

ب۔ رہا کرتے ہیں قیدِ ہوش میں اے وائے ناکامی — وہ دشتِ خود فراموشی کے چکر یاد آتے ہیں۔
نہیں آتی، جو یاد اُن کی مہینوں تک نہیں آتی — مگر جب یاد آتے ہیں، تو اکثر یاد آتے ہیں۔

سوال نمبر6: یونین کونسل کے چیئرمین کے نام صفائیِ محلّہ کی درخواست لکھیں (5)

سوال نمبر7: اشارات کی مدد سے مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر پانچ سو سے چھ سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔ (10)

**الف۔ سائنس کے کرشمے:**

i. سائنس کیا ہے؟
ii. سائنسی علوم کی ترقی سے پہلے انسانی زندگی
iii. انسانی معاشرے کی ترقی
iv. مشینوں کی دریافت اور ایجاد سے زندگی میں آسانیاں
v. سائنسی ترقی کے فائدے اور نقصانات

**ب۔ وقت کی پابندی:**

i. وقت کی پابندی سے کیا مراد ہے؟
ii. پوری کائنات اور وقت کی پابندی
iii. کسان اور طالب علم کے لیے وقت کی پابندی کی اہمیت
iv. اسلام میں وقت کی پابندی کا درس
v. وقت کی پابندی نہ کرنے کے نقصانات

* * * * *

## اردو (لازمی) برائے جماعت دہم

سوالات کا حاصلاتِ تعلّم کے ساتھ تعلق

(کریکلم 2006ء)

**حصہ اوّل (کل نمبر 15)**

**سوال نمبر 1:**

| جزو نمبر | مہارت | ذیلی مہارت | حاصلاتِ تعلّم |
|---|---|---|---|
| (1) | زبان شناسی | اصنافِ سخن | 9۔ غزل اور نظم میں ہیئت کے لحاظ سے امتیاز کر سکے۔ |
| (2) | زبان شناسی | اصنافِ سخن | 8۔ مختلف اصنافِ سخن کے لحاظ سے فن پاروں کو سمجھ سکے۔ |
| (3) | زبان شناسی | اصنافِ سخن | 9۔ غزل اور نظم میں ہیئت کے لحاظ سے امتیاز کر سکے۔ |
| (4) | زبان شناسی | علم بیان | 4۔ عبارت میں تشبیہ، استعارا، کنایہ، مجاز مرسل کو پہچان سکے۔ |
| (5) | زبان شناسی | علم بیان | 4۔ عبارت میں تشبیہ، استعارا، کنایہ، مجاز مرسل کو پہچان سکے۔ |
| (6) | زبان شناسی | جملے کی ساخت | 1۔ جملے کی تقطیع اجزا میں کر سکے۔<br>2۔ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| (7) | زبان شناسی | جملے کی ساخت | 1۔ جملے کی تقطیع اجزا میں کر سکے۔<br>2۔ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| (8) | زبان شناسی | جملے کی ساخت | 1۔ جملے کی تقطیع اجزا میں کر سکے۔<br>2۔ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے۔ |
| (9) | زبان شناسی | اصنافِ سخن | 9۔ غزل اور نظم میں اصنافِ سخن کے لحاظ سے امتیاز کر سکے۔ |
| (10) | زبان شناسی | | 7۔ غلط فقرات کی جملہ معترضہ کے حوالے سے درستی کر سکے۔ |
| (11) | زبان شناسی | محضر اور طرزِ بیان | 10۔ اپنی تحریروں کو مختلف اندازِ بیان یا محضر کے لحاظ سے تحریر کرنا سیکھ سکے۔ |
| (12) | زبان شناسی | | 5۔ اشعار میں متعدد عناصر کو تلاش کر سکے۔ |
| (13) | استحسان اور تنقید | 1۔ علم بیان، صنائع بدائع اور شعری اصطلاحات سے آگہی حاصل کرنا | 3۔ کسی فن پارے (نثر و نظم) کا علم بیان اور شعری اصطلاحوں کی روشنی میں جائزہ لے سکے، خلاصہ تشریح کر سکے۔ |
| (14) | استحسان اور تنقید | 1۔ علم بیان، صنائع بدائع اور شعری اصطلاحات سے آگہی حاصل کرنا | 3۔ کسی فن پارے (نثر و نظم) کا علم بیان اور شعری اصطلاحوں کی روشنی میں جائزہ لے سکے، خلاصہ تشریح کر سکے۔ |
| (15) | استحسان اور تنقید | 1۔ علم بیان، صنائع بدائع اور شعری اصطلاحات سے آگہی | 3۔ کسی فن پارے (نثر و نظم) کا علم بیان اور شعری اصطلاحوں کی روشنی میں جائزہ لے سکے، خلاصہ تشریح کر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | حاصل کرنا | سکے۔ |

## حصہ دوم (کل نمبر 30)

| سوال نمبر | جزو نمبر | مہارت | ذیلی مہارت | حاصلاتِ تعلم |
|---|---|---|---|---|
| 2 | (الف) i. | استحسان اور تنقید | 3۔ کسی فن پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات اور خلاصہ کر سکیں۔ | 2۔ کسی فن پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے۔ |
| | ii. | لکھنا | 12۔ تحریر کا خلاصہ لکھنا | 1۔ کسی نثر پارے یا فن پارے کا فنی و فکری خوبیوں اور نقائص (حسن و قبح) کے پیشِ نظر تشریح کر سکے یا خلاصہ لکھ سکے۔ |
| | iii. | لکھنا | 15۔ تخلیقی شعور کے ساتھ لکھنا۔ | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | iv. | لکھنا | 15۔ تخلیقی شعور کے ساتھ لکھنا۔ | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | v. | لکھنا | 15۔ تخلیقی شعور کے ساتھ لکھنا۔ | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | vi. | لکھنا | | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | vii. | لکھنا | | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | viii. | لکھنا | | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | ix. | لکھنا | | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | (ب) i. | استحسان اور تنقید | 3۔ کسی فن پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات اور خلاصہ کر سکیں۔ | 2۔ کسی فن پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے۔ |
| | ii. | استحسان اور تنقید | 3۔ کسی فن پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات اور خلاصہ کر سکیں۔ | 2۔ کسی فن پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے۔ |
| | iii. | استحسان اور تنقید | 3۔ کسی فن پارے کا مرکزی خیال، اہم نکات اور خلاصہ کر سکیں۔ | 2۔ کسی فن پارے کے مرکزی خیال کو بیان کر سکے۔ |
| | iv. | لکھنا | | 9۔ کسی نئے متن کو سمجھ کر حقائق پر مبنی سوالات کا جواب تحریر کر سکے۔ |
| | v. | لکھنا | | 1۔ مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | .vi | لکھنا | | 1۔ مرکزی خیال کے حوالے سے ادب پارے کا خلاصہ، بنیادی نکات درج کر کے لکھ سکے۔ |
| | (ج) .i | زبان شناسی | علم بیان، صنائع بدائع | 5۔ اشعار میں متعدد عناصر کو تلاش کر سکے |
| | .ii | زبان شناسی | | مختلف اصناف سخن کے لحاظ سے فن پاروں کو سمجھ سکے۔ |
| | .iii | زبان شناسی | | 2۔ جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کی ترکیب نحوی کر سکے |
| | .iv | زبان شناسی | | 4۔ عبارت میں تشبیہ، استعارا، کنایہ، مجاز مرسل کو پہچان سکے۔ |

## حصہ سوم (کل نمبر 30)

| سوالنمبر | جزونمبر | مہارت | ذیلی مہارت | حاصلاتِ تعلم |
|---|---|---|---|---|
| 3 | | استحسان اور تنقید | 3۔ کسی تحریر کا خلاصہ اور تشریح لکھ سکے۔ | 1۔ کسی نثر پارے یا فن پارے کا فنی و فکری خوبیوں اور نقائص (حسن و قبح) کے پیشِ نظر تشریح کر سکے یا خلاصہ لکھ سکے۔ |
| 4 | | لکھنا | 8۔ نظم کی تشریح کرتے ہوئے لکھنا۔ | 2۔ کسی نظم کی نثر کی صورت میں تشریح کر سکے۔ |
| 5 | | استحسان اور تنقید | | 3۔ کسی فن پارے (نثر و نظم) کا علم بیان اور شعری اصطلاحات کی روشنی میں جائزہ لے سکے اور خلاصہ یا تشریح کر سکے۔ |
| 6 | | لکھنا | 14۔ معاشرتی اور معاشی ضروریات کے حوالے سے لکھنا | 5۔ زندگی کی بنیادی ضرورتوں کے لیے متعلقہ محکمہ میں درخواست لکھ کر بھیج سکے۔ |
| 7 | | مہارتِ حیات<br>انشا پردازی | 7۔ صحافتی، تخلیقی و تنقیدی سرگرمیوں میں حصّہ لینا اور یوں بطور مصنف متعارف ہونا<br>3۔ اپنے خیالات کا تجزیہ کرنا اور انہیں منطقی ترتیب دینا۔<br>4۔ تین پیرا، پنج پیرا اور سات پیرا مضامین / انشائیہ لکھنا۔ | 2۔ مختلف رسائل میں کہانیاں، مضامین پڑھ کر ان سے کوئی نتیجہ اخذ کر سکے اور خود بھی عمومی موضوعات پہ لکھ سکے۔<br>1۔ تخیل کی اڑان کے ساتھ پانچ سو سے زائد الفاظ کی ضخامت کا مضمون تخلیقی سطح پر پیش کر سکے۔ عمدہ مثالیں، منظر نگاری، مکالمہ نگاری، کردار نگاری وغیرہ کے حوالے سے پیش کر سکے۔ |

# URDU COMPULSORY SSC-II
## Table of Specifications

| Assessment Objectives | تدریجی مقصود لکھنا | تدریجی مقصود انشاپردازی | تدریجی مقصود زبان شناسی | تدریجی مقصود استحسان اور تنقید | تدریجی مقصود مہارتِ حیات | کل نمبر | فیصد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سمجھنا **Understanding Based** | 2الف(ii)(2)، 2ب(iv)(2)، 2ب(vi)(2)، 4(3) | 7(5) | 1(i)(1)، 1(ii)(1)، 1(iii)(1)،1(vii)(1)، 1(viii)(1)،1(ix)(1)،1(xii)(1)، 2ج(i)(1)،2ج(ii)(1)،2ج(iii)(2)،2ج(iv)(2) | 2الف(i)(2)،2ب(i)(2)، 2ب(ii)(2)، 2ب(iii)(2)،3(3)،5(3) | | 41 | 49.4% |
| یاد میں لانا **Knowledge Based** | 2الف(iii)(2)، 2الف(iv)(2)، 2الف(v)(2)، 2الف(vi)(2)،2الف(vii)(2)، 2الف(viii)(2)،2الف(ix)(2)،2ب(v)(2)،6(3) | | 1(vi)(1)، 1(x)(1)، 2ج(i)(1)، 2ج(ii)(1) | 1(xiii)(1)، 1(xiv)(1)، 1(xv)(1) | | 26 | 31.3% |
| لاگو کرنا **Application Based** | 4(2)،6(2) | | 1(iv)(1)، 1(v)(1)، 1(xi)(1) | 3(2)،5(2) | 7 (5) | 16 | 19.3% |
| **Total Marks** | 32 | 5 | 20 | 21 | 5 | 83 | 100% |

Key:

2الف(i)(2)

سوال نمبر جزو(جزو کا جزو)(کل نمبر)